بارگاہ حضور مجدد مراد آبادی میں حضرات
شعراءِ اہلسنت کا خراجِ عقیدت

# مناقبِ حضور
# مُجدّد مراد آبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مجدّد
محدّث
مدبّر
مصنّف
مقرّر
مفسّر
شاعر
مترجم
مفکّر
مناظر
مجاہد
محقّق



بحکم
واجازت

سیدنا حضور خطیب اعظم قبلہ صاحب سجادہ

مجدد مرادآبادی
نیٹورک
Mujaddid Moradabadi
NETWORK

pdf شائع کردہ

آل انڈیا مشن مجدد مراد آبادی
(مالیگاؤں)

@allindiamissionmojaddidmor1943
missionmojaddidmoradabadi@gmail.com

پیش کردہ
حضرت حافظ
راشد حسن
قدیری
بیسلپوری

All India Mission Mojaddid Morada Badi
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی
All India
MISSIONMOJADDID
MORADABADI


عمران حسین قدیری
7020121316
احمد رضا قدیری
9158429915

MADAARI MEDIA

دم مدار بیڑا پار

The Silsila e Aaliya Madaariya Social Platform

سلسلۂ مداریہ کے بزرگوں کی سیرت و سوانح

سلسلۂ عالیہ مداریہ سے متعلق کتابیں

سلسلۂ مداریہ کے علماء کے مضامین تحریرات

سلسلۂ مداریہ کے شعراء اکرام کے کلام

حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جائیے

www.MadaariMedia.com

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

Authority : Ghulam Farid Haidari Madaari

۷۸۶ ۹۲

سیدنا امیر اہلسنت مجدد دین وملت ولی کامل غوث زماں

تاریخی شاعرِ دربارِ رسالت حضور مناظر اعظم علامہ حافظ قاری مفتی

**سید محمد انتخاب حسین قدیری اشرفی مداری**

مترجم ومفسر محدث مرادآبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں

حضرات شعراء اہلسنت کا نذرانۂ عقیدت

# مناقب

حضور

# مجدد مرادآبادی

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

## بحکم و اجازت

سیدنا شیر اہلسنت پیر طریقت حضور خطیب اعظم علامہ حافظ قاری مفتی الحاج

سید محمد انتساب حسین قدیری اشرفی مداری

سجادہ نشین آستانۂ عالیہ قدیریہ حضور مجدد دین وملت مرادآباد شریف یوپی

## ناشر

مولانا قاری راشد حسن قدیری بیسلپوری


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915

عمران حسین قدیری 7020121316

آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

نام کتاب: ------------- مناقب حضور مجدد مرادآبادی

تعداد: ---------------- دوہزار

اشاعت اول:-- ۲۰ رشوال المکرّم ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۴ رجون ۲۰۱۹ء

کتابت: قدیری کمپیوٹر مرکز، قدیری، منزل محلہ کسرول مرادآباد شریف

طباعت: ایچ ایس پرنٹرس، اصالت پورہ مرادآباد شریف

ہدیہ: -------------------- 60/


## پیشکش

نبیرۂ حضور مجدد مرادآبادی حافظ قاری سید محمد احتساب حسین قدیری اشرفی مداری

نائب سجادہ نشین آستانۂ عالیہ قدیریہ حضور مجدد مرادآبادی، محلّہ نئی بستی

ناظم اعلیٰ مرکز اہلسنت جامعہ قدیریہ و نائب خطیب و امام و متولی تخت والی مسجد مرادآباد شریف

نبیرۂ حضور مجدد مرادآبادی قاری سید محمد کامیاب حسین قدیری اشرفی مداری

نائب ناظم اعلیٰ مرکز اہلسنت جامعہ قدیریہ تخت والی مسجد مرادآباد شریف

## ملنے کے پتے

آستانۂ عالیہ قدیریہ حضور مجدد مرادآبادی، محلّہ نئی بستی مرادآباد شریف

قدیری منزل محلّہ نئی بستی تخت والی مسجد کے سامنے مرادآباد شریف یوپی انڈیا

## ناشر

مولانا قاری راشد حسن قدیری بیسلپوری

خطیب و امام جامع مسجد جگت پور ضلع رامپور شریف 8273919786


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915

عمران حسین قدیری 7020121316

آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# انتساب

اُس ذات گرامی کے نام
جس نے سید محمد انتخاب حسین قدیری اشرفی مداری کو
اپنی خصوصی نوازشات کیلئے انتخاب کیا
اپنی توجہات کے لئے انتخاب کیا
سلسلۂ عالیہ قدیریہ کے دشمنوں کو دن میں تارے دکھانے کیلئے انتخاب کیا
اور
ایسا انتخاب کیا۔۔۔۔۔۔ ایسا انتخاب کیا
کہ
انتخاب الاولیاء بنادیا
انتخاب العلماء بنادیا
انتخاب المشائخ بنادیا
اور وہ ذاتِ پاک ہے

سیدنا تاج الشرفاء حضور قبلۂ عالم ولیٔ کامل قطب دوراں شبیہ سرکار غوث جیلاں علامہ الحاج شاہ **سید محمد عبد الرشید میاں** شہزادۂ سیدنا تاج الاولیاء قطب الاقطاب مرشد اعظم علامہ الحاج شاہ **سید محمد عبد القدیر میاں** پیلی بھیتی شہزادۂ سیدنا تاج العرفاء غوث الاغواث علامہ شاہ **سید محمد عبد البصیر میاں** عرف سرکار اللہ ہو میاں پیلی بھیتی رضی اللہ تعالیٰ عنہم

فقیر عاصی: راشد حسن قدیری بیسلپوری

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

**الحمد لله الاحد الحمید الوھاب۔ البصیر القدیر التواب۔**
**والصلوٰۃ والسلام علیٰ حبیبه الاشرف الرشید الانتخاب۔**
**لا نظیر له ولا مثیل لهٗ ولا مثال له ولا جواب۔**
**وآله واصحابه واحبابه الیٰ یوم الحساب۔**

دھرتی پر ہر دور میں بے ایمانی فسق و فجور اور غلط روایات کے سد باب کے لئے رب تعالیٰ نے ہر زمانے اور ہر علاقے میں کوئی نا کوئی مسیحا ضرور بھیجا ہے۔

چودھویں صدی کے اس بھیانک دور میں جب کہ معمولات اہلسنت پر ڈاکہ ڈالا جا رہا ہے، وہابیت و رافضیت و خارجیت زہریلے ناگ کی طرح سنیت کو ہر جانب سے ڈسنے کی کوشش میں تھی اور ڈس بھی رہی تھی، لوگ سنیت کے بھیس میں سنیت کی جڑیں کھوکھلی کرنے کی مذموم کوشش میں لگے تھے۔۔۔۔

منافقت زدہ ایسے سسکتے ماحول میں ایمان والوں کے ایمان کو جِلا دینے کیلئے اور اہل باطل کو انکے بھیانک انجام تک پہونچانے کیلئے رب قدیر جل مجدہ نے عاشق اولیاء حضرت سید محمد الطاف حسین قدیری علیہ الرحمۃ والرضوان اور محترمہ سیدہ صغریٰ بیگم قدیری علیہا الرحمۃ والرضوان کو ایک چاند سے بیٹے سے نوازا جو کہ ۱۲ ربیع الاول شریف ۱۳۶۸ھ مطابق ۱۲ جنوری ۱۹۴۹ء بروز بدھ عین اس وقت دنیا میں تشریف لایا جب آپکے والد ماجد حضرت سید محمد الطاف حسین قدیری محلہ کی مسجد میں اذانِ ظہر پکار رہے تھے اور آپ کی زبان پر شہادت ثانیہ میں سیدنا اعلیٰ حضرت پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک نام تھا، بس سیدنا اعلیٰ حضرت پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی اسم گرامی سنتے ہوئے سیدنا امیر اہلسنت مجدد دین

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

وملت محدث عظیم مفسر فہیم مترجم قرآن کریم ولی کامل غوث زماں شیخ العرب والعجم تاریخی شاعرِ دربارِ رسالت حضور مناظر اعظم علامہ حافظ قاری مفتی سید محمد انتخاب حسین قدیری اشرفی مداری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس دنیا میں قدم رکھا۔

کہ رب قدیر نے اپنے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل آپ کو اتنی خوبیوں اور کمالات سے اور اتنے علوم وفنون سے نوازا تھا جسکی نظیر دورِ حاضر میں تو کیا ماضی قریب میں بھی کہیں اور دیکھنے کو نہیں ملتی مثلاً:۔۔۔۔۔۔

(۱) آپ بارہ ربیع الاول شریف کو پیدا ہوئے (۲) آپکے سینۂ مبارکہ پر کبھی بال نہیں اُگے، یہ بھی صدقۂ سنت نبوی ہے (۳) آپ عالم باعمل تھے (۴) آپ لاجواب حافظ قرآنِ کریم تھے (۵) آپ عظیم الشان قاریٔ قرآن عظیم تھے (٦) آپ علماء کے استاذ تھے (۷) آپ حفاظ کے استاذ تھے (۸) آپ قراء کے استاذ تھے (۹) آپ تقریباً ۱٦۵ کتابوں کے مصنف تھے (۱۰) آپ مترجم قرآن کریم تھے (۱۱) آپ مفسر قرآن کریم تھے (۱۲) آپ محدث عظیم تھے (۱۳) آپ دو اخباروں کے مالک تھے (۱۴) آپ شعراء کے استاذ تھے (۱۵) آپ علماء کے والد تھے (۱٦) آپ قراء کے والد تھے (۱۷) آپ حفاظ کے والد تھے (۱۸) آپ شعراء کے والد تھے (۱۹) آپ تقریباً تین ہزار نعتوں منقبتوں کے شاعر تھے (۲۰) آپ مقرروں کے والد تھے (۲۱) آپ مرکز اہلسنت جامعہ قدیریہ کے بانی تھے (۲۲) آپ قدیری کمپیوٹر مرکز کے بانی تھے (۲۳) آپ دو اخباروں کے ایڈیٹر تھے (۲۴) آپ الجامعۃ القدیریہ پیلی بھیت شریف کے صدر تھے (۲۵) آپ بہترین آرٹسٹ تھے (۲٦) آپ شاندار مترنم

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

تھے(۲۷) آپ مایہ ناز مقرر تھے(۲۸) آپکو علماء ہند نے مناظر اعظم کا خطاب
دیا(۲۹) آپ کو علماء پاکستان نے مناظر اعظم پاکستان کا خطاب دیا(۳۰) آپ
سلسلۂ عالیہ قدیریہ کے خلیفۂ مجاز تھے(۳۱) آپ سلسلۂ عالیہ نعیمیہ کے خلیفۂ مجاز
تھے(۳۲) آپ سلسلۂ عالیہ اشرفیہ کے خلیفۂ مجاز تھے(۳۳) آپ سلسلۂ عالیہ
مداریہ کے خلیفۂ مجاز تھے(۳۴) آپ نے ہندوستان بھر میں تین سو زائد مدارس
قائم فرمائے(۳۵) آپ نے ہندوستان میں تقریباً گیارہ خانقاہوں کا قیام
فرمایا(۳۶) آپ آل انڈیا ریڈیو کی اُردو سروس کے خطیب تھے(۳۷) آپ
دس لاکھ سے زائد مریدوں کے پیر تھے(۳۸) آپ مرکزی اصلاحی جماعت
کے بانی تھے(۳۹) آپ مرکزی سنی جمیعۃ العلماء مالیگاؤں مہاراشٹر کے بانی
تھے(۴۰) آپ تخت والی مسجد مرادآباد شریف کے اعزازی خطیب و امام تھے
(۴۱) آپ تخت والی مسجد مرادآباد شریف کے متولی تھے(۴۲) آپ آل انڈیا
جماعت اہلسنت کے بانی تھے(۴۳) آپ نے ۳۲ سال مسلسل تراویح میں
قرآن کریم سنایا(۴۴) آپ ۲۲ سال شیخ الحدیث کے منصب پر فائز رہے
(۴۵) آپ صاحب فکر ونظر مفتی تھے(۴۶) آپ کتب خانۂ قدیریہ رشیدیہ کے
مالک تھے(۴۷) آپ کو انتخاب العلماء کا خطاب ملا(۴۸) آپ کو انتخاب
المشائخ کا خطاب ملا(۴۹) آپکو شیخ العرب والعجم کا خطاب ملا(۵۰) آپکو فاتح
سورت کا خطاب ملا(۵۱) آپ نے مٹی کا اکھاڑہ کیا اور عظیم الشان پہلوان تھے
(۵۲) آپ فن سپہ گری کے ماہر تھے(۵۳) آپ حیدرآبادی ٹی وی کے شاعر تھے
(۵۴) آپ قدیری لیتھو پریس کے مالک تھے(۵۵) آپ انجمن شانِ ملت

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

کے بانی وسکریٹری تھے (۵۶) آپ عمارتی معاملات کے ماہر تھے (۵۷) آپ مختلف اقسام کے کھانے بنانے میں ماہر تھے (۵۸) آپ پیتل کارخانے کے مالک تھے (۵۹) آپ کی اولاد آپ کی مرید ہے (۶۰) آپ کے بھتیجے بھانجے آپ کی بہنیں آپ کی مرید ہیں (۶۱) آپکے خسر محترم حضرت خواجہ صوفی محمد آفاق چشتی صابری قدیری علیہ الرحمہ بھی آپکے خلیفہ تھے (۶۲) آپ کو وصال شریف کیلئے سیدنا امیر المومنین حضور مولا علی مشکل کشا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ۲۱/ رمضان مبارک نصیب ہوئی۔

**(۶۳) بلا شک وشبہ آپ پندرہویں صدی کے عظیم مجدد ہیں**

جب بد مذہبیت سر اُٹھانے لگتی ہے جب لوگ اسلام وسنیت کی حقیقی راہوں سے بھٹک کر غلط راستے اختیار کرنا شروع کردیتے ہیں جب حقوق اللہ میں کاہلی پیدا ہونے لگتی ہے جب اسلام کا لبادہ اوڑھ کر اسلام کے دشمن اہل اسلام میں گھس کر اسلام کو نقصان پہونچانے کی سعی مذموم کرنے لگتے ہیں جب سنیت کا لبادہ اوڑھکر منافقین اسلام بدامنی پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں تب ضرورت ہوتی ہے کہ کوئی مردِ حق ہو جو اسلام واہل اسلام کو ایسے منافقین واسلام کے دشمنوں سے محفوظ کرسکے، کوئی ہو جو گمراہ ہونے والوں کو دین کا صحیح راستہ بتاسکے اور قرآن وحدیث واقوال صلحاء کو عوام تک پہونچا کر انہیں گمراہیت کے تاریک وادیوں سے نکال سکے اور ملت اسلامیہ کو اپنے تجدیدی کارناموں سے بد مذہبوں سے محفوظ کرسکے چنانچہ سیدنا اعلیٰ حضرت پیارے نبی مکی مدنی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ان اللہ یبعث لھٰذا الامت علیٰ راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لھا

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

امــر دیــنھــا ۔(ترجمہ) بیشک اللہ تعالیٰ بھیجتا ہے اس امت کیلئے ہر صدی کے سرے پر ایک مجدد بھیجتا ہے جو اپنے رب حکم کی تجدید کرتا ہے۔

اس کی شرح فرماتے ہوئے حضرت علامہ بدرالدین ابدال رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی کتاب ”مرضیه فی نصرت مذهب الاشعریه “میں ارشادفرماتے ہیں ”اعـلـم ان الـمـجـدد انـمـا هـو بغلبة الظن ممن عارفه بقرائن احـوالـهٖ والانـتـفـاع بـعـلـمهٖ ولايكون المجدد الا عالما بالعلوم الـديـنية الـظـاهـرة والبـاطـنة نـاصـرا الـلسـنة قامعا للبدعة۔

(ترجمہ) مجدد کی شناخت قرائن واحوال سے کیجائے اور دیکھا جائے کہ کیا اسکے علم نے نیا نفع پہونچایا؟ اور مجدد ہی ہوگا جو عالم ہوگا علوم دینیہ ظاہرہ و باطنہ کا اور مددگار ہوگا سنت کا اور ختم کرنے والا ہوگا بدعت کا۔


حضرت علامہ امام جلال الدین سیوطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ”مرقات السعود شرح سنن ابی داؤد“ میں مجدد کی تعریف اس طرح بیان فرماتے ہیں: والذی ینبغی ان یـکـون الـمبـعـوث عـلـیٰ راس المائة رجلا مشهورا معروفا مشـارا الیه۔ (ترجمہ) اچھا یہ ہے کہ صدی کا مجدد وہ شخص ہو جو مشہور ومعروف ہو اور امر دین میں جس کی طرف اشارہ کیا جاتا ہو۔

اور حضور مناظر اعظم مجدد مرادآبادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی ان سارے ارشادات کی عکاسی کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ جب ہندوستان میں وہابیت پاؤں پسارنے کی کوشش کر رہی تھی تو مجدد مرادآبادی نے اپنے قلم سے اپنی زبان سے اور اپنے بازوؤں کی طاقت سے وہابیت کا بینڈ بجادیا۔ جب وہابیت کے بانی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

اسماعیل دہلوی کے ایک خفیہ حمایتی نے سنیت کا لبادہ اوڑھ کر بھولے بھالے
سنیوں کو بہکانے کی کوشش کی اور بڑی بڑی خانقاہوں کے بڑے علماء ومشائخ
اسکے ڈھونگ کا شکار ہوتے چلے جارہے تھے اور اس اسماعیل دہلوی کے حمایتی
نے مسلک امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف اپنا ایک نیا پانچواں
مسلک کھڑا کردیا اور سنی مسلمانوں کو ورغلایا کہ مزار شریف کو چومنا منع ہے، مزار
پر ایک چادر چڑھاؤ وہ بھی پھولوں کی، مزار کو چومنا منع ہے، فجر کے بعد مسجد میں
باآوازِ بلند سلام پڑھنا منع ہے، محفل میلاد میں ذکر شہادت منع ہے، تو حضور مجدد
مرادآبادی نے دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر کے رکھدیا اور ساری دنیا کو بتادیا
کہ سنیت اور ہے پانچواں مسلک اور ہے۔ جب ساری دنیا کے مسلمانوں کو غلط
بیانی کا شکار کر کے جمعہ کی اذانِ ثانی کو داخلِ مسجد کے بجائے خارج مسجد جوتوں
میں کرانے کی مہم چلائی جارہی تھی تو مجدد مرادآبادی کے قلم کی شمشیر نے ان
جھوٹوں کے جھوٹ کا سر قلم فرمادیا۔ جب سرکار شہید اعظم امام حسین شہید کربلا
رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامانِ تشہیر تعزیہ شریف کو علم وتخت کو ناجائز وحرام کہہ کر
بغضِ اہلبیت کا اظہار کیا جارہا تھا تو مجدد مرادآبادی نے ان دشمنانِ اہلبیت کو دن
میں تارے دکھادئے۔ جب کشمیر کی دھرتی پر کوئی سنیت کو جاننا پہچاننا نہ تھا اس
وقت کشمیر میں سنیت کا چراغ روشن کرنے والی ذات کا نام انتخاب حسین قدیری
ہے، جب گجرات کی دھرتی کو دوسرا دیوبند کہا جانے لگا تھا اور سنی علماء کا وہاں
داخلہ تقریباً بند ہوچکا تھا اس وقت حضور مجدد مرادآبادی نے گجرات کو وہابیت کی
دلدل سے نکالا۔ جب ۱۹۹۵ء میں مالیگاؤں مہاراشٹر ایک وہابی مفتی کے نرغۂ

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف۔کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

کفر میں پھنس چکا تھا اور تقریباً ۴۵ تقریریں کر کے اس مفتی نے مہاراشٹر میں وہابیت کو پروان چڑھا رکھا تھا ایسے موقع پانچویں مسلک کے ماننے والے بڑے بڑے مولویوں نے اس مفتی کے کفری رتھ کو روکنے کی کوشش کی مگر ناکامی کے سوا کچھ ہاتھ نہ لگا اس کسمپرسی کے عالم میں خود پانچویں مسلک والوں نے حضور مجدد مرادآبادی کے چاہنے والوں وغلاموں سے درخواست کی کہ اس قدیری مداری شیرِ ببر کو بلاؤ اور اس مفتی کے کفری جال سے مہاراشٹر کو بچاؤ تو اپنے چاہنے والوں کی درخواست پر حضور مجدد مرادآبادی مالیگاؤں مہاراشٹر تشریف لے گئے اور صرف ایک خطاب سے ہی اس وہابی مفتی کی ایسی درگت بنائی کہ وہ مفتی اپنے طے شدہ بقیہ ۳۰ پروگرام چھوڑ کر مالیگاؤں سے فرار ہوگیا۔ جب سیدنا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بغض کا شکار لوگوں نے سیدنا امیر المومنین حضرت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مصنوعی محبت کو ڈھال بنا کر صحابہ کی عظمتوں سے کھلواڑ کی کوشش کی تو اس قدیری مداری مردِ آہن نے رافضیت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ جب قاتل امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید ملعون کو ایمان والا ثابت کرنے کی ناپاک مہم چلائی جارہی تھی تو کربلا والوں کے اس لال نے ان کھلے اور چھپے دونوں یزیدیوں کا جینا حرام کردیا۔

قدیری نام سے تیرے ہیں خائف دشمنانِ دیں
وہابی ہوں وہ جب والے، وہابی ہوں وہ اب والے

خلاصہ یہ ہے کہ جب جب اور جہاں جہاں سنیت کو تحریری قربانی کی ضرورت ہوئی تو حضور مجدد مرادآبادی کا قلم کام آیا، جہاں سنیت کو خون کی ضرورت محسوس

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

ہوئی حضور مجدد مرادآبادی کا خون کام آیا، جہاں سنیت کو تقریر کی ضرورت ہوئی تو حضور مجدد مرادآبادی کی زبانِ سحر البیان نے اپنے فن کا لوہا منوایا۔

یہی وجہ ہے کہ آج سے تقریباً ۳۰ سال پہلے خطیب مشرق حضرت علامہ مفتی مشتاق احمد نظامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا تھا کہ ''کسی جماعت کو ایسا عالم صدیوں میں نصیب ہوتا ہے جیسے ہماری جماعت کو علامہ انتخاب قدیری ملے ہیں''۔ سبحان اللہ

اور میں کہتا ہوں کہ حضرت علامہ نظامی نے یہ حضور مناظر اعظم کے مجدد ہونے کی پیشنگوئی فرمائی تھی ورنہ مولانا، علامہ، مصنف، مقرر، محدث، مفکر، مدبر تو پیدا ہوتے ہی رہتے ہیں۔ لیکن کوئی ایسا انوکھا نرالا عالم صدیوں میں دکھائی دے جسے دیکھ کر اہل حق مسرور ہوں اور ساتھ ہی ساتھ اہل باطل اُسے دیکھ کر رنجور ہوں جو دشمنانِ دین پر ذوالفقارِ حیدری بنکر چمکے تو یہ اسکے مجدد ہونے کی ہی علامت ہے۔

اس پہ مصباح سو جان سے ہو فدا کیوں نہ روحِ بہار
وہ زمیں جس میں مدفون ہے قالب انتخاب مدار ۱۴۳۲ھ

رب قدیر اس عظیم ہستی کے درجات کو بلند فرمائے اور حضور امیر اہلسنت جو اصلی خانقاہی سنیت کو عام کرنے کا مشن ہمیں عطا فرما کر گئے ہیں اس پر گامزن رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین بجاہ سیدنا رحمۃ للعالمین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم

ابو الاحتساب
سید محمد انتساب حسین قدیری اشرفی مداری
عفاعنہ البصیر

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

**مجدد ہو تو ایسا ہو**

**از**

استاذ الشعراء
حضرت علامہ خواجہ
سید مصباح المراد
قبلہ جعفری مداری
شیخ الحدیث
الجامعۃ المداریہ
مکنپور شریف

امین ورثۂ حیدر مجدد ہو تو ایسا ہو
مدارِ پاک کا دلبر مجدد ہو تو ایسا ہو

مزہ تو جب ہے ظالم دشمنوں کے سخت نرغے میں
اکیلا ہو، لگے لشکر، مجدد ہو تو ایسا ہو

جو لکھے تو قلم حیراں جو بولے تو زباں ششدر
سراپا علم کا پیکر مجدد ہو تو ایسا ہو

جو مثل حُر نبی کی آل کی نصرت کو آجائے
ہراک دولت کو ٹھکرا کر مجدد ہو تو ایسا ہو

جو اپنے گھر کے ہراک فرد کو اک ایک بیٹے کو
سکھائے علم کے جوہر مجدد ہو تو ایسا ہو

شریعت ہو طریقت معرفت ہو یا حقیقت ہو
یہ ہر رستے کا ہے رہبر مجدد ہو تو ایسا ہو

قدیری وارثی چشتی مداری اشرفی مصباؔح
سبھی کہتے ہیں یہ ملکر مجدد ہو تو ایسا ہو

ضیاء علم کا اک آفتاب بخشا ہے
ہراک سوال کا اکمل جواب بخشا ہے
ہے جسکے نام لرزاں منافقت مصباؔح
ہمیں مدار نے وہ انتخاب بخشا ہے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں-

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# اے مرے انتخاب

حضرت علامہ خواجہ سید مصباح المراد قبلہ جعفری شیخ الحدیث مکنپور شریف

---

عالم سنیت کے عظیم آفتاب اے مرے انتخاب

ہے ترے نور سے اک جہاں فیضیاب اے مرے انتخاب

واقعی وہ بصیرت ہے ایمان کی فیض قطب دوعالم سے تم نے لکھی

ایسی تفسیر جسکا نہیں ہے جواب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

اللہ اللہ شانِ مداری شریف دنگ ہے دیکھ کر جسکو ہر اک حریف

شمعِ نور ہے جس کا ہر ایک باب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

نکہتیں جس کی ہیں انجمن انجمن پھیلی دنیا میں ہر سو ہے جس کی پھبن

تم علی کے چمن کے ہو ایسے گلاب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

حق بیانی پہ اہل صداقت فدا اور لہجے پہ اہل فصاحت فدا

آسمانِ خطابت کے اے ماہتاب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

تم محبّ علی عاشق پنجتن تم سے رکھتا ہے جو شخص بھی سوئے ظن

وہ رہے گا زمانے میں خانہ خراب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

ورثہ دارِ علی شانِ طالب رہے یہ دعا ہے کہ دشمن پہ غالب رہے

آپ کا جانشیں آپ کا انتساب اے مرے انتخاب اے مرے انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915

عمران حسین قدیری 7020121316

آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

## قطعۂ تاریخ وفات

**حسان الہند حضرت علامہ خواجہ سید مصباح المراد قبلہ جعفری مدظلہ، مکنپوری**

اس پہ مصباحؔ سو جان سے ہو فدا کیوں نہ روحِ بہار
وہ زمیں جس میں مدفون ہے قالب انتخاب مدار
۱۴۳۲ھ

## زندہ ہے انتخاب

**شہنشاہِ ترنم حضرت علامہ سید شجر میاں قبلہ جعفری، مکنپور شریف**

قطب جہاں کی آنکھ کا تارا ہے انتخاب
غوث الوریٰ کے قلب کا ٹکڑا ہے انتخاب
جس کی ضیا سے دور ہوئی تیرگیٔ جہل
علم و عمل کا ایسا ستارہ ہے انتخاب
مرتے ہی نہیں وہ کہ جو مردانِ خدا ہیں
واللہ اپنی قبر میں زندہ ہے انتخاب
نہر فرات سے ہے شجرؔ جس کا رابطہ
قطرے یہ جانتے ہیں وہ دریا ہے انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# عدل کی پہچان

حضرت علامہ مفتی خوشنود مداری، مدار العلوم گوونده پور بریلی

---

ہو واقعی مترجمِ قرآن انتخاب
تفسیر کی تشریح میں ہو جان انتخاب
ہو کاروانِ عدل کی پہچان انتخاب
لگتا ہیکہ ہو پرتوِ نعمان انتخاب
سن کر کے خطا ہوتے ہیں اوسان انتخاب
تیری دلیری جانے کیا نادان انتخاب
اہل سخا کی روح ہیں اور جان انتخاب
بازارِ شہرِ علم کے مرجان انتخاب
احقاق حق جو گل ہے تو گلدان انتخاب
صحرا و گل آویز کے بستان انتخاب
تجھ سے ہٹیں تو دین کا خسران انتخاب
جڑ جائیں تجھ سے تازہ ہو ایمان انتخاب
جو بانٹتا ہے دین کا فیضان انتخاب
خوشنود پر ہے آپ کا احسان انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# قدیر بابا کا دلبر

حضرت علامہ رضوان قدیری اعجازی، نانکار شریف

سمائے فقہی کا اختر ہے انتخاب وہی
ہمارا دوستو رہبر ہے انتخاب وہی
اٹھایا جس نے ہے سنت کی آبیاری کو
قدیری ہاتھ میں خنجر ہے انتخاب وہی
وہ جس کے پاس حقائق کا اور دلائل کا
عجب کمال کا دفتر ہے انتخاب وہی
بھروسہ لاج بچانے کا اے میرے پیارے
ہے اہل بزم کا جس پر ہے انتخاب وہی
خدا کے نور کے جلوے ہویدا جس سے تھے
تمہارا روئے منور ہے انتخاب وہی
دیا ہے قوم کو جس نے بصیرۃ الایماں
جو علمِ دیں کا سمندر ہے انتخاب وہی
ہے رقص کرتا یہ مصرع زبانِ رضواںؔ پر
قدیر بابا کا دلبر ہے انتخاب وہی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# مدار کا کرم

حضرت سید کاشف ادیب مداری، مکنپور شریف

---

زیب و زینت جو انتخاب سے ہے
ہر مسرت جو انتخاب سے ہے
وہ ہے شیدائے شاہ کون ومکاں
رکھتا نسبت جو انتخاب سے ہے
کام آئے گی حشر میں تیرے
تیری رغبت جو انتخاب سے ہے
شادمانی ۔ ہے اس کے پاؤں ۔تلے
رکھتا الفت جو انتخاب سے ہے
سب مدار جہاں کا صدقہ ہے
یہ محبت جو انتخاب سے ہے
حشر اس کا نہ جانے کیا ہوگا
کرتا نفرت جو انتخاب سے ہے
کیسے ڈر جاؤں میں منافق سے
میری طاقت جو انتخاب سے ہے
یہ کرم ہے مدار کا کاشف
میری قربت جو انتخاب سے ہے

all india mission mojaddadi moradabadi [malegaon maharastr]

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# علم و ہنر کی چٹان

حضرت مولانا شرافت حسین قدیری، پیلی بھیت شریف

---

ہر ایک سمت ہے ترا فیضان انتخاب
فضل خدا سے ہو گئے ذیشان انتخاب

عبدالقدیر جس کے نگہبان ہو گئے
وہ خوش نصیب آپ ہو انسان انتخاب

جب بھی قلم اُٹھا ترا طوفان اٹھ گئے
تھے مفتیان ہند بھی حیران انتخاب

گل اس میں انتساب سا انمول ہے کھلا
بے مثل ہے یہ آپ کا گلدان انتخاب

در در کی ٹھوکریں بھلا کھائے وہ کس لئے
جس پر ہوا ہے آپ کا فیضان انتخاب

اوصاف کیا بیاں کروں میں آپکے حضور
علم و ہنر کی ایک ہو چٹان انتخاب

سب پر کرم کی کیجئے بوچھار بے شمار
آیا ہے جو بھی عرس میں مہمان انتخاب

کیسے کرے گا رتبہ شرافتؔ بیاں ترا
جب وصل کو ملا تمہیں رمضان انتخاب


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# بوحنیفہ کی تنویر

حضرت علامہ اختر مصباحی مداری گونڈوی

---

ملا ہے تم سا ہمیں پیر انتخاب حسین
ہماری جاگ اٹھی تقدیر انتخاب حسین

ہے اپنے وقت کا رازی غزالی وجامی
تو بوحنیفہ کی تنویر انتخاب حسین

سب اہل علم و ادب توڑ دیں قلم اپنے
جو پڑھ لیں آپکی تحریر انتخاب حسین

ہے چھلنی جس سے ہوا دشمنِ مدار کا دل
کمان حق کا ہے وہ تیر انتخاب حسین

یہ کہ رہے ہیں فدایانِ شاہ جی و مدار
ہے میرے خواب کی تعبیر انتخاب حسین

جھکا نہ پایا زمانہ کہیں کبھی تم کو
ہزار کی گئیں تدبیر انتخاب حسین

اسے ہو خوف بھلا گمرہی کا کیوں اختر
بنالے آپ کو جو میر انتخاب حسین


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# روحانیت کی کائنات

حضرت علامہ سید موجود عالم محبوبی مداری وفامکنپوری

آپ ہیں لختِ دلِ شیرِ خدا اے انتخاب
آپ ہیں نورِ نگاہِ فاطمہ اے انتخاب
آپکا دامن جسے بھی مل گیا اے انتخاب
اسکے حامی ہو گئے سب اولیا اے انتخاب
جگمگا کر کہتی ہے روحانیت کی کائنات
آپ ہیں بزمِ طریقت کا دِیا اے انتخاب
منزلِ حق و صداقت اسکی قسمت بن گئی
جس نے اپنایا تمہارا راستہ اے انتخاب
پڑ گئی جس پر تمہاری ایک چشمِ التفات
زندگی اسکی بنی جنت نما اے انتخاب
گردشوں کا خوف کیا ہو میرے حامی آپ ہیں
آپ کے حامی ہیں شاہِ انبیا اے انتخاب
آپکے دم سے ہے قائم ہم غریبوں کا بھرم
اسکے قائل ہیں سبھی اہلِ وفا اے انتخاب


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# اهل سنن کی شان

حضرت صوفی محمد کیف نوابی اشرفی ناگپور

---

کچھ ایسا باریاب میرا انتخاب ہے
ولیوں کا انتخاب میرا انتخاب ہے
اہلسنن کی شان ہے وہ سنیت کی جان
اولادِ بوتراب میرا انتخاب ہے
ہو کوئی بھی محاذ وہ پیچھے نہیں ہٹا
ہر جا پہ کامیاب میرا انتخاب ہے
ڈھونڈا بہت نہ ان سا زمانے میں مل سکا
واللہ! لاجواب میرا انتخاب ہے
مجھ کو ''نوابی'' ایسا لگا ہے خدا گواہ
جیسے یہ انتساب میرا انتخاب ہے

---

# شانِ عمر

حضرت صوفی محمد سمیع اللہ قدیری بنارسی

---

جب کبھی سنیت پہ سوال آگیا انتخاب اس کا بنکر جواب آگیا
جب منافق چھکنے لگے چار سو بنکے شانِ عمر انتخاب آگیا

all india mission mojaddid moradabadi [malegaon maharastr]

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# رواں صدی کا مجدد

حضرت علامہ شرافت صاحب مرغوبی مداری بریلوی

مدار کی ہے کرامت مناظر اعظم
جو تم پہ شیدا ہے خلقت مناظر اعظم
بلند اس کی ہے قسمت مناظر اعظم
جو رکھتا آپ سے نسبت مناظر اعظم
میں جب بھی کرتا ہوں مدحت مناظر اعظم
تو دل کو ملتی ہے راحت مناظر اعظم
عروج تم کو ملا ہے، ملی ہے جس دن سے
ولی شکوہ کی خلافت مناظر اعظم
رواں صدی کا مجدد تمہیں کیا رب نے
تمہاری شان یہ عظمت مناظر اعظم
کسی کا باپ بھی ویسی نہ کر سکا دیں کی
کہ جیسی تم نے کی خدمت مناظر اعظم
تمہارے نام سے کینہ جو دل میں رکھتا ہے
وہ کیسے پائے گا جنت مناظر اعظم
مداری قادری چشتی کہ اشرفی ہوں وہ
ہے سب کو تیری ضرورت مناظر اعظم

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# رہبر رہبراں

حضرت علامہ رضوان احمد قدیری اعجازی، رامپور شریف

---

اس قدر ضوفشاں انتخاب آپ ہیں
سب کے دل میں نہاں انتخاب آپ ہیں
کہ رہا ہے یہی ہر کوئی دیکھ لو
اہلسنت کی جاں انتخاب آپ ہیں
اُن سے الجھے بھلا کیا منافق کوئی
جن کے بھی درمیاں انتخاب آپ ہیں
آپ کا کوئی دیوانہ بھٹکے بھی کیا
رہبر رہبراں انتخاب آپ ہیں
حق بیانی میں بھی آپکی دھوم ہے
حق کے کامل نشاں انتخاب آپ ہیں
فضل ربی کی تم پہ یوں بہتات ہے
فخر شاہجی میاں انتخاب آپ ہیں
جس کو دیکھو وہ کہتا ہے رضوانؔ یہ
مــفــخــر عالماں انتخاب آپ ہیں

all india mission mojaddid moradabadi [malegaon maharastr]

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# انتخاب کا ھے

حضرت علامہ مفتی خوشنود احمد مداری، بریلی

---

رب غفار انتخاب کا ہے شاہِ ابرار انتخاب کا ہے
مل سکی ہے کہیں اماں نہ اسے جو زیاں کار انتخاب کا ہے
وہ وفادارِ آلِ احمد ہے جو نمک خوار انتخاب کا ہے
صدقۂ علم بٹ رہا ہے جہاں ایسا دربار انتخاب کا ہے
وہ جہاں میں نہ اٹھ سکے گا کبھی جو بھی غدار انتخاب کا ہے
جس سے باطل کا دل لرزتا ہے نعرہ دم دار انتخاب کا ہے
میری کشتی کو خوف کیا جبکہ زورِ پتوار انتخاب کا ہے
کس کی اوقات راستہ روکے رب نگہدار انتخاب کا ہے
جس سے رعبِ عمر جھلکتا ہے وارِ تلوار انتخاب کا ہے
دیں بچانے کے واسطے لشکر اب بھی تیار انتخاب کا ہے
تاب کیا لا سکے عدوئے نبی جو وفا دار انتخاب کا ہے

ناز خوشنودؔ کر نصیبے پر
ایسا کردار انتخاب کا ہے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# دینِ پاک کا رہبر

جناب ڈاکٹر محمد حنیف عمری مداری مصباحی، بدھولیا ضلع بریلی

---

جو دین پاک کا رہبر ہے انتخاب وہی
فنون و علم کا پیکر ہے انتخاب وہی
بنا دے مجھ کو جو بہتر ہے انتخاب وہی
سنوار دے جو مقدر ہے انتخاب وہی
شعور و عزم کی نعمت جو اس کو حاصل تھی
گیا ہمیں وہی دیکر ہے انتخاب وہی
مدار کے جو ہیں منکر انہیں کی خاطر تو
بنا جو خوف کا خنجر ہے انتخاب وہی
در مدار کے بوسے جو لے لئے دل سے
بنا مدار کا چاکر ہے انتخاب وہی
تھی اسکے علم کی رفعت یا رعب ہستی کا
بنا جو قہر بدوں پر ہے انتخاب وہی
حنیف انکے در پاک جا کے ہو حاضر
وہاں ہے دفن جو گوھر ہے انتخاب وہی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# دل کی راحت

حضرت علامہ عبدالقیوم ارم شکوہی مداری، سیتاپور

---

کہتے ہیں اہلِ وفا اہلِ محبت انتخاب
تذکرہ ہی آپ کا ہے دل کی راحت انتخاب

جسکو دیکھو وہ کھنچا آتا ہے در پہ آپکے
کیا کشش ہے اور کیا ہے جاذبیت انتخاب

خارجیّت خون کے آنسو ہے روتی آج بھی
گل بیاں کی تھی صحابہ کی فضیلت انتخاب

ہے مجدد اور مناظر اور مجاہدین کا
بول اٹھے اہلِ ایماں اہلِ سنت انتخاب

مرتبہ آلِ نبی کا کر دیا تم نے بیاں
پانی پانی ہوگئی خود ناصبیّت انتخاب

آپ ہی سے بالیقیں شہرِ مرادآباد کو
آج بھی حاصل ہے اعلیٰ مرکزیّت انتخاب

اس لئے ہر دشمنِ دیں کانپ اٹھتا ہے ارمؔ
ہے ملی تم کو وراثت میں شجاعت انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# علیؑ پاک کی جرأت

حضرت علامہ محمد انتظار مداری، پرسونا بریلی

---

نبی کے دین کی خدمت مناظر اعظم
وقارِ دین کی عظمت مناظر اعظم
ہے فاطمہ کی طہارت مناظر اعظم
علیؑ پاک کی جرأت مناظر اعظم
ہے صدق وعدل وسخاوت میں اور شجاعت میں
سبھی صحابہ کی خصلت مناظر اعظم
یہ سربلندی قدم اس کے چوم لیتی ہے
جو رکھتا آپ سے نسبت مناظر اعظم
زوال اس پہ نہ آئے گا انتظارؔ کبھی
جو دی ہے دین کی دولت مناظر اعظم

---

# تجدیدِ دین

حضرت علامہ اختر مصباحی مداری گونڈوی

سچ کی تاکید انتخاب حسین حق کی تائید انتخاب حسین
دین احمد کی اس صدی میں کی تم نے تجدید انتخاب حسین

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# محدث

حضرت علامہ مفتی محمد شاہد مداری، عمر گووندہ پوری، بریلی

---

ہمیں تمہاری عقیدت مناظرِ اعظم　　ملی بطورِ ودیعت مناظرِ اعظم
ہیں آپ حامی سنت مناظر اعظم　　ہیں آپ ماحی بدعت مناظرِ اعظم
تمہیں ہے علم شریعت مناظرِ اعظم　　ہیں آپ شیخ طریقت مناظرِ اعظم
یہ سچ ہے تم کو محدث کا دے گئی تمغہ　　مداریت کی محبت مناظرِ اعظم
تمہارے علمی ذخیرہ سے آج لرزاں ہے　　وہابیوں کی جماعت مناظرِ اعظم
مناظروں میں کبھی وہ نہ مار کھائیگا　　جو رکھتا آپ سے نسبت مناظرِ اعظم
دیا جو تحفہ ہے تم نے بصیرۃ الایماں　　ملی ہے اس سے بصیرت مناظرِ اعظم
تمہارے شہر کے اعدا بھی خوب کرتے ہیں　　تمہارے کام کی مدحت مناظرِ اعظم
خروج بولِ گیاوی ہوا تھا یہ بھی ہے　　تمہارے نام کی ہیبت مناظر اعظم
ضلالتوں کے پرخچے اڑا دئے رکھ کر　　یہی ہے آپ کی جدت مناظرِ اعظم

---

# جنتی

حضرت علامہ ڈاکٹر سید مصطفیٰ حسین آثر مکنپوری

---

آج دنیا سے انتخاب گئے　　عالم دین لاجواب گئے
کرکے خدمت مدار کے در کی　　جنتی ہوکے بے حساب گئے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# ماهتابِ زماں

حضرت علامہ مفتی خوشنود احمد مداری، بریلی

---

اہل حق کی زباں انتخاب آپ ہیں ہر بیاں سے عیاں انتخاب آپ ہیں
آفتابِ جہاں انتخاب آپ ہیں ماہتابِ زماں انتخاب آپ ہیں
کعبۂ عاشقاں انتخاب آپ ہیں قبلۂ رہرواں انتخاب آپ ہیں
مرجعِ دلبراں انتخاب آپ ہیں میرے روح رواں انتخاب آپ ہیں
کوئی فاروق اس دور کا ہے اگر کہہ رہی ہے زباں انتخاب آپ ہیں
وہ شجر مصطفے کا تناور جسے چھونہ پائی خزاں انتخاب آپ ہیں
خون سے اپنے سینچے جو دیں کا چمن منفرد باغباں انتخاب آپ ہیں
گلشنِ دینِ احمد کے اس دور میں بالیقیں پاسباں انتخاب آپ ہیں
ناز جس پر کریں فن کی باریکیاں علم کا آسماں انتخاب آپ ہیں

کوئی غم کیسے خوشنود کو چھو سکے
اس پہ جب مہرباں انتخاب آپ ہیں

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# مجدد انتخاب

حضرت علامہ کوثر علی مصباحی، بہار

---

آپ کا شیدا مجدد انتخاب ہے بہت پیارا مجدد انتخاب
ہند میں بہتا ہے اب بھی آپکے فیض کا دریا مجدد انتخاب
ہند میں دیکھا ہے میں نے ہر کہیں ہے کہاں تم سا مجدد انتخاب
مہرباں سب چاہنے والوں پہ ہے تیرا سجادہ مجدد انتخاب
واقعی رب کا بڑا احسان ہے مل گیا تم سا مجدد انتخاب
ہے کرم قطب جہاں کا دوستو کیوں نہ چمکے گا مجدد انتخاب

کانپتی ہے جس سے کوثؔر نجدیت
ہے وہی اپنا مجدد انتخاب

---

## حبِّ قدیری

جناب عبداللہ ہلاؔل قدیری
مالیگاؤں مہاراشٹر

ربیع نور کی بارہ دہر میں آیا
شب وصال جو اکیسویں کی پایا ہے
ہلاؔل حبّ قدیری کی مل گئی دولت
جو ختم ہو نہ سکے گا یہ وہ خزانہ ہے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# محدث اکبر

حضرت علامہ فرید احمد شکوہی مداری، بہیڑی شریف

---

جو وقت کا ہے سکندر ہے انتخاب وہی
سنوار دے جو مقدر ہے انتخاب وہی
جو دین وعلم کا رہبر ہے انتخاب وہی
جو بحرِ فکر کا گوہر ہے انتخاب وہی
یزیدیت پہ جو خنجر ہے انتخاب وہی
حسینیت کا جو شہپر ہے انتخاب وہی
خدا نے بخشا ہے ان کو کمال کچھ ایسا
سمجھ سے جو مری برتر ہے انتخاب وہی
جو ہے مجدد و شاعر مفسر قرآں
جو ہے محدثِ اکبر ہے انتخاب وہی
مدارِ پاک کا محبوب اور جانی ہے
مداری فیض ہے جس پر ہے انتخاب وہی
ولی شکوہ کے صدقے ہر ایک میداں میں
رہا جو آگے برابر ہے انتخاب وہی
فریدؔ وقت کے علماء میں فضلِ مولیٰ سے
جو سب سے افضل و بہتر ہے انتخاب وہی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی-ڈی-ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# آلِ نبی

حضرت مولانا محمد جابر حنفی مداری مشارقی پوٹا کلاں ضلع پیلی بھیت شریف

---

نور کی کہکشاں انتخاب آپ ہیں
علم کا آسماں انتخاب آپ ہیں
رات و دن تذکرہ آپ ہی کا کروں
میرے وردِ زباں انتخاب آپ ہیں
سرخرو ہوگیا کل زمانے میں وہ
جس پہ بھی مہرباں انتخاب آپ ہیں
گمرہی کا شبہ تک نہ ہوگا اُسے
جس کے دل میں نہاں انتخاب آپ ہیں
دیں کی دعوت ہے دی تم نے اغیار کو
حق کے روحِ رواں انتخاب آپ ہیں
کوئی باطل وہاں ٹک نہ پایا کبھی
آگئے جس جگہ انتخاب آپ ہیں
اپنی گونگی زباں سے میں کیا کہہ سکوں
واقعی خود عیاں انتخاب آپ ہیں
جسمیں آلِ نبی کی ہے گل کی مہک
حنفی وہ گلستاں انتخاب آپ ہیں

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف۔کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# حق کا قلندر

حضرت علامہ مفتی خوشنود احمد مداری، بریلی

---

ہر ایک جا جو دلاور ہے انتخاب وہی
طریقِ حق کا قلندر ہے انتخاب وہی
ہمارے دل کے جو اندر ہے انتخاب وہی
علوم کا مہ و اختر ہے انتخاب وہی
جو فن کا قیمتی گوہر ہے انتخاب وہی
جو فاطمہ کا گلِ تر ہے انتخاب وہی
جو معرفت کا شناور ہے انتخاب وہی
نوازشوں کا سمندر ہے انتخاب وہی
سنوارادے جو مقدر ہے انتخاب وہی
منافقوں کو دکھائے ہر ایک میداں میں
جو زورِ بازوئے حیدر ہے انتخاب وہی
دیا ہے نعت کا دیوان ''یا نبی'' سب کو
نبی کے حسن کا خوگر ہے انتخاب وہی
ہیں نکتہ سنج تو خوشنود اس جہاں میں بہت
مناظروں کا دھرندر ہے انتخاب وہی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# تیرا چرچا

حضرت علامہ فرید احمد شکوہی مداری، بہیڑی شریف

---

جس نے دیکھا تیرا چہرہ انتخاب
ہوگیا وہ دل سے شیدا انتخاب
شیرِ حیدر شیرِ مولیٰ انتخاب
تم سے گھبراتے ہیں اعدا انتخاب
سب سے اطہر تیرا کنبہ انتخاب
ہے نجاست سے منزّہ انتخاب
اہلِ حق کی محفلوں میں ہر جگہ
ہو رہا ہے تیرا چرچا انتخاب
شب تھی وہ رمضان کی اکّیسویں
جب کیا ہے تم نے پردہ انتخاب
انتسابی و اکتسابی شکل میں
دیکھتے ہیں تیرا جلوہ انتخاب
پنجتن کا اس فریدِ زار کو
کاش مل جائے اتارا انتخاب

all india mission mojaddad moradabadi malegaon maharastr


حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# مجدد مناظر مجاھد

حضرت علامہ عبدالقیوم ارم مرغوبی مداری سیتاپوری

---

کہتے ہیں اہلِ وفا اہلِ محبت انتخاب
تذکرہ ہی آپ کا ہے دل کی راحت انتخاب

جسکو دیکھو وہ کھنچا آتا ہے در پہ آپکے
کیا کشش ہے اور کیا ہے جاذبیت انتخاب

خارجیّت خون کے آنسو ہے روتی آج بھی
کل بیاں کی تھی صحابہ کی فضیلت انتخاب

ہے مجدد اور مناظر اورمجاہد دین کا
بول اٹھے اہلِ ایماں اہلِ سنت انتخاب

مرتبہ آلِ نبی کا کر دیا تم نے بیاں
پانی پانی ہوگئی خود ناصبیّت انتخاب

آپ ہی سے بالیقیں شہرِ مرادآباد کو
آج بھی حاصل ہے اعلیٰ مرکزیّت انتخاب

اسلیے ہر دشمنِ دیں کانپ اٹھتا ہے ارؔم
ہے ملی تم کو وراثت میں شجاعت انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# لاڈلے مولا علی کے

حضرت علامہ قاری عبدالقیوم ارم مداری سیتاپوری

---

دیکھ کر حسنِ عمل اور دینداری انتخاب
ہر محبِّ مصطفٰے ہے تم پہ واری انتخاب

لاڈلے مولا علی کے نورِ چشمِ فاطمہ
شخصیت سمجھے گا کوئی کیا تمہاری انتخاب

ہو منافق دین کا یا ہو یزیدی کارواں
کل بھی تھا اور آج بھی ہے سب پہ بھاری انتخاب

مل گیا تم کو ولایت کا حسیں انعام ہے
تم پہ برسا جھوم کر فیضِ مداری انتخاب

یاد آیا سرورِ کونین کا خُلقِ حسن
جس گھڑی دیکھی تمہاری انکساری انتخاب

کیجیے چشمِ کرم چشمِ کرم چشمِ کرم
آپ سے ہے التجا بس یہ ہماری انتخاب

بارگاہِ رب تعالیٰ کے مقرّب ہوگئے
کام آئی آپکی گریہ و زاری انتخاب

دل سے دنیا کی کوئی تُرشی اتارے کیا بھلا
تم نے جو عشقِ نبی کی دی خماری انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاوٴں مہاراشٹر)

# مجدد انتخاب

حضرت علامہ مفتی خوشنود احمد مداری، گوبندہ پور شریف بریلی

---

آپ کا شیدا مجدد انتخاب ہے بہت اعلی مجدد انتخاب
دیکھ کر ہوتا ہے جاری ذکرِ حق آپ کا چہرہ مجدد انتخاب
عقل کا اوچھا ہی سمجھے گا فقط آپ کو ہلکا مجدد انتخاب
آپ کا دشمن خدا کے سامنے ہوگا شرمندہ مجدد انتخاب
حاسدوں کی کُل جماعت پر رہا بھاری ہے تنہا مجدد انتخاب
اونچے اونچے چھو نہ پائے علم میں آپ کا تلوہ مجدد انتخاب
ہے رہا اونچا ہر اک میدان میں آپ کا جھنڈا مجدد انتخاب
دشمنانِ دین کی صف میں بھی ہے آپ کا چرچا مجدد انتخاب

اک نظر میں کیجئے خوشنود کا
بخت تابندہ مجدد انتخاب

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# فقہی معیار

حضرت علامہ فرید احمد شکوہی مداری، بہیڑی شریف

---

رب غفار انتخاب کا ہے گُل کا سردار انتخاب کا ہے
بٹتا ہے فیضِ مصطفٰی ہر دم ایسا دربار انتخاب کا ہے
چہرۂ انتساب جب دیکھو لگتا ہر بار انتخاب کا ہے
خونِ آلِ شہِ دوعالم سے ربط اور تار انتخاب کا ہے
سیرتِ مصطفٰی کا آئینہ اعلٰی کردار انتخاب کا ہے
رب ہی جانے کہ کس بلندی پر فقہی معیار انتخاب کا ہے
ہاں مداری شریف کی صورت علمی شہکار انتخاب کا ہے
ہر طرح دینِ مصطفائی کا کام دم دار انتخاب کا ہے
جس میں شیطان گھس نہیں سکتا ایسا سنسار انتخاب کا ہے
بچہ بچہ ہے حافظ و عالم ایسا گھربار انتخاب کا ہے

تجھ سے کتنوں کو اے فریدِ نوا
فیض درکار انتخاب کا ہے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# کرم انتخاب کا

جناب حکیم اثر مرادآبادی

صد فخر ذی وقار تھا دم انتخاب کا
کس طرح مرتبہ ہو رقم انتخاب کا

تفسیر، حمد، نعت، رباعی کی شکل میں
زندہ رہے گا فنِ قلم انتخاب کا

بزم مناظرہ ہو یا ہو دشمنوں کا گڑھ
ہر جا رکھا خدا نے بھرم انتخاب کا

بخشی ہے ہم کو شمع شہِ دیں کی روشنی
احسان کیا یہ ہم پہ ہے کم انتخاب کا

تصنیفِ انتخاب ذرا پڑھ کے دیکھئے
پاؤ گے تم بھی اس میں حزم انتخاب کا

چھیڑو ابھی نہ بزم میں افسانۂ نشاط
دل میں ابھی ہے دوستو! غم انتخاب کا

آئینۂ حیات کو دیکھا جو غور سے
روشن ہراک ہے نقش قدم انتخاب کا

اس کو ضیائے علم و ادب مل گئی اثرؔ
جس پر بھی ہو گیا ہے کرم انتخاب کا

all india mission mojaddad malegaon maharastr

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# قدیری صدقہ

جناب ایاز قدیری بیسلپوری

---

ہر ایک دلمیں ہے تیری عظمت ہے دل میں صد احترام تیرا
علی کی اکیس تونے پائی قدیری اونچا مقام تیرا
ہے عالم و فاضل و مجدد مترجم و مفتی ذات تیری
جو کور باطن ہیں اس جہاں میں وہ کیسے سمجھیں مقام تیرا
کبھی مصنف کبھی مبلغ کبھی مفسر کبھی ہیں شاعر
میں نام کیا کیا دوں تجھ کو پیارے ہر ایک فن دیکھا تام تیرا
بھٹک رہے تھے جہان والے یزیدیت چھائی جا رہی تھی
یزیدیت کو اُکھاڑ پھینکا یہی تھا دن رات کام تیرا
ہوں وہ یزیدی یا ہوں وہابی یا دیوبندی کہ قادیانی
ہراک کو پھر بھاگتے ہی دیکھا لیا گیا جب بھی نام تیرا
نواز دو کچھ اِسے بھی در سے عطا کرو کچھ قدیری صدقہ
ایاؔز بھی در پہ آگیا ہے یہ پڑھ رہا ہے کلام تیرا

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# نورانی چہرہ

حضرت حافظ نبیہ احمد قدیری علیہ الرحمہ پیلی بھیت شریف

---

اسقدر نورانی چہرہ جیسے ہو تازہ گلاب
علم وفن میں آپ کا ثانی، نہ ہے کوئی جواب
ہو مناظر اور مفسر اور مصنف اور ادیب
تب کہیں بنتا ہے جا کر آپ جیسا انتخاب

# بلند پایہ

جناب عالم قدیری قریشی مرادآباد شریف

---

پیام آمدِ فصلِ بہار دیتا ہے
خیال پیر بھی قسمت سنوار دیتا ہے
خدا کریم ہے، جب اختیار دیتا ہے
ہمارا پیر ہمیں بیشمار دیتا ہے
ہیں میرے پیر یہاں شاہِ انتخابِ حسین
انہیں کا ذکر تو مجھ کو قرار دیتا ہے
بلند پایہ شہ انتخاب ہیں عالم
ہمیں یہ کہنے کا حق اعتبار دیتا ہے

all india mission mujaddid moradabadi [malegaon maharastr]

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# پرتوِ فاروق اعظم

حضرت علامہ مفتی خوشنود احمد مداری، گوبندہ پور شریف بریلی

---

ملی جسے تری قربت مناظر اعظم ہے اس پہ رب کی عنایت مناظر اعظم

ہے گویا پرتوِ فاروق کی جھلک اس میں ملی جو آپ کو صورت مناظر اعظم

بفیضِ قبلۂ عالم ہے آپ کو حاصل سبھی فنوں میں مہارت مناظر اعظم

منافقوں کو بھگانے کے واسطے اکثر پڑی ہے تیری ضرورت مناظر اعظم

نہیں ہے اسکی نظر میں کمال دنیا کا جو رکھتا آپ سے نسبت مناظر اعظم

ہر ایک نوع سے غالب رہے زمانے پر مناظرہ ہو خطابت مناظر اعظم

منافقوں کے دلوں پر ہے اب تلک طاری تری دہاڑ کی ہیبت مناظر اعظم

بحال سامنے دشمن کے بھی رہی ہردم تمہارے رخ کی متانت مناظر اعظم

تمہاری راہ سے ہٹ کر جو کوئی راہ چلے تو یہ ہے دیں سے بغاوت مناظر اعظم

جو بانٹتے ہیں میاں انتساب دنیا میں ہے آپ ہی کی وراثت مناظر اعظم

وسیلہ آج بھی دیتا ہے پیشِ رب خوشنود
جو دل میں آپ کی الفت مناظر اعظم

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# فخر ولایت

جناب ڈاکٹر محمد حنیف عمری مصباحی، بدھولیا بریلی

---

ہیں آپ فخر ولایت مناظر اعظم
سراپا حسن طریقت مناظر اعظم

دکھایا آئینہ صدق اہل باطل کو
یہ آپ ہی کی ہے ہمت مناظراعظم

وہ عظمتوں کی بلندی پہ سیر کرتا ہے
جو رکھتا آپ سے نسبت مناظراعظم

جوآسمانِ قدیری پہ آج روشن ہے
وہی ہیں مہر طریقت مناظراعظم

ہوں اشرفی یا مداری کہ وہ قدیری ہوں
ہیں سب کی وجہ عقیدت مناظر اعظم

ملے ہیں آج جو قسمت سے انتساب ہمیں
یہ آپ کی ہے عنایت مناظر اعظم

ہے اس زمین کا رشتہ دیار طیبہ سے
جہاں ہے آپ کی تربت مناظراعظم

حنیف کو بھی عطا کردو اے مرے آقا
متاع دین کی نعمت مناظر اعظم

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# حسین دستان

جناب راز شادانی مرادآبادی

---

دھڑکنوں میں نہاں انتخاب آپ ہیں
میرا دل میری جاں انتخاب آپ ہیں
سنکے تقریر محفل یہ کہنے لگی
کتنے جادو بیاں انتخاب آپ ہیں
جس سے درسِ اخوت ملا ہے ہمیں
وہ حسیں داستاں انتخاب آپ ہیں
میرے دل میں ہے قائم وقار آپ کا
میرے وردِ زباں انتخاب آپ ہیں
میری کیا حیثیت جو لکھوں منقبت
میں کہاں اور کہاں انتخاب آپ ہیں
اب بھی محسوس ہوتا ہے یہ راز کو
بزم میں ضوفشاں انتخاب آپ ہیں

all india mission mujaddid moradabadi [malegaon maharastr]

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔




احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# فیضِ عام

جناب شباب میناٹھیری

---

لبوں پہ ذکرِ عظیم تیرا دل و نظر میں قیام تیرا
زمانے بھر مین ہے تیری شہرت قدم قدم احترام تیرا
خدا کی تجھ پر ہے یہ عنایت کہ انتخابِ قدیر تو ہے
علی کی اکیس تو نے پائی قدیری اونچا مقام تیرا
نبی کی سنت نبی کی سیرت نبی کے نقش قدم پہ چل کر
بزرگ ہستی وہ پائی تونے امر رہے گا یہ نام تیرا
اَنیس تو ہے نفیس تو ہے شفیق تو ہے رفیق تو ہے
ہراک نظر میں ہیں تیرے جلوے ہراک نظر میں نظام تیرا
یہ لاکھ بدلے زمانہ کروٹ ہو یاکہ نزدیک اب قیامت
بھلا سکے گی نہ تجھ کو دنیا ہے سچا پکا پیام تیرا
کسی کو قاری بنا دیا ہے کسی کو درسِ حدیث بخشا
رہے گا جاری ہمیشہ جگ میں قدیری اب فیضِ عام تیرا
اے میرے محسن اے میرے رہبر نگاہِ رحمت شبابؔ پر بھی
اُٹھادے پردہ دکھادے چہرہ کھڑا ہے در پہ غلام تیرا

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔



احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# مردِ مجاهد

جناب ساحلؔ قریشی مرادآبادی

---

جو نام آج سبکے لبوں پر جناب ہے
کتنا وہ ذی وقار ہے عزت مآب ہے
دینِ خدا کی راہ میں جو آپ نے کیا
ہر کام بے مثال ہے اور لاجواب ہے
پایا ہے فیض آپ سے ہر خاص و عام نے
الفت دلوں میں آپ کی یوں بے حساب ہے
کرتی رہے گی آپ کے روشن قلوب کو
لکھی ہوئی حضور کی جو بھی کتاب ہے
نسبت ہے جس کسی کو درِ انتخاب سے
دنیا و دیں کی راہ میں وہ کامیاب ہے
باطل پہ جس کا خوف رہے، آپ کے سوا
اب ایسا کون مردِ مجاہد جناب ہے؟
سمجھے گا کیا وہ رب ترے ولیوں کی عظمتیں
بدقسمتی سے جس کا عقیدہ خراب ہے
آئے ہیں دل کو یاد بہت شاہِ انتخاب
ساحلؔ یوں آج محوِ غم و اضطراب ہے

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# انتخابِ مدار

حضرت علامہ عبدالقیوم آرمؔ مداری سیتاپوری

---

خدا کا خاص مُوَحِّد ہے انتخابِ مدار
نبی کے دیں کا مجدّد ہے انتخابِ مدار
بلند ذات ہے اعلیٰ مقام حاصل ہے
حسینی خون ہے سید ہے انتخابِ مدار
وقارِ علم عمل اور شجاعت و سطوت
ہیں جس میں سارے محامِد ہے انتخابِ مدار
عمل سے علم سے حکمت سے بدعقیدوں کے
درست کرتا عقائد ہے انتخابِ مدار
وہ جس کی ذات پہ نازاں ہوں بوحنیفہ بھی
فقیہِ وقت مقلّد ہے انتخابِ مدار
کلامِ رب کا مفسّر ہے اور مترجم بھی
عظیم قوم کا قائد ہے انتخابِ مدار
یہ لے کے جائے گا صدقہ مدارِ اعظم کا
دلِ آرمؔ کی یہی ضد ہے انتخاب مدار

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے
لیے ہم سے رابطہ کریں۔
احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# علم کا سمندر

حضرت علامہ کوثر علی مصباحی، بہار

---

سنوار دے جو مقدر ہے انتخاب وہی
کرے جو راج دلوں پر ہے انتخاب وہی
وہ جس نے پانچ زبانوں میں نعت پاک لکھی
جو علم کا ہے سمندر ہے انتخاب وہی
نبی کی نعت کا مجموعہ نعت خوانوں کو
جو یا حبیبؐ دے لکھ کر ہے انتخاب وہی
وہ جسکے نام سے لرزاں ہے آج بھی باطل
مدار کا جو گداگر ہے انتخاب وہی
بدل کے رکھدے مزاجِ یزیدیت پل میں
رکھے حسینی جو تیور ہے انتخاب وہی
جہانِ علم و عمل اور شعور میں لوگو
نہ ہوسکا کوئی ہمسر ہے انتخاب وہی
نبی کے عشق سے رکھتا ہے ہر گھڑی کوثرؔ
جو اپنا سینہ منور ہے انتخاب وہی

حضور مجدد مرادآبادی کی دیگر تصانیف کی پی۔ڈی۔ایف کے لیے ہم سے رابطہ کریں۔

احمد رضا قدیری 9158429915
عمران حسین قدیری 7020121316
آل انڈیا مشن مجدد مرادآبادی (مالیگاؤں مہاراشٹر)

# خدائے پاک کی رحمت

حضرت علامہ فرید احمد شکوہی مداری، بہیڑی شریف

---

نبی کی خاص ہے شفقت مناظرِ اعظم
ملی جو تم کو کرامت مناظرِ اعظم

عطائے شاہِ صداقت مناظرِ اعظم
ہو تم عمر کی عدالت مناظرِ اعظم

غنی کی شانِ سخاوت مناظرِ اعظم
علی کا فیضِ ولایت مناظرِ اعظم

ہے دشمنانِ رسالت پہ آج تک طاری
تمہارے نام کی دہشت مناظرِ اعظم

تمہارے روضۂ پُرنور پر برستی ہے
خدائے پاک کی رحمت مناظرِ اعظم

